PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

شعیب ملک چیمپئنز کپ میں اسٹالینز کے مینٹور ہونگے

- اس نئے رول میں اپنا بہترین کردار ادا کرنے کے لیے پر امید ہوں، شعیب ملک

لاہور، 29 اگست 2024ء:

پاکستان کے سابق کپتان اور دو بار کے آئی سی سی ایونٹ فاتح شعیب ملک آئندہ ماہ ہونے والے چیمپئنز کپ ون ڈے ٹورنامنٹ میں اسٹالینز کے مینٹور ہونگے۔ یہ ٹورنامنٹ 12 سے 29 ستمبر تک اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلا جائے گا۔

شعیب ملک ان پانچ مینٹورز میں شامل ہیں جنھیں پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئن مینٹور کے طور پر ذمہ داری سونپی ہے دیگر چار مینٹورز وقاریونس مصباح الحق ثقلین مشتاق اور سرفراز احمد ہیں۔

چیمپئنز ون ڈے کپ میں ملک بھر کے ایک سو پچاس بہترین کرکٹرز حصہ لیں گے۔

شعیب ملک نے اسٹالینز کا مینٹور مقرر ہونے پر خوشی ظاہر کی ہے اور کہا ہے کہ میرے پاس ایک ایسی ٹیم ہے جس کے ساتھ میں نے ایک کھلاڑی اور کپتان کے طور پر کئی یادگار لمحات شیئر کیے ہیں۔

یاد رہے کہ شعیب ملک پچاس اوورز کے دو ورلڈ کپ اور چھ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان کی نمائندگی کر چکے ہیں۔ وہ 2007 کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان ٹیم کے کپتان تھے۔ انہوں نے چھ چیمپیئنز ٹرافی میں بھی پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔

ان کا بین الاقوامی کریئر بیس سال پر محیط ہے جس میں انہوں نے 35 ٹیسٹ 287 ون ڈے انٹرنیشنل اور 124 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلے ہیں۔ اور مجموعی طور پر 11867 رنز بنانے کے علاوہ 218 وکٹیں بھی حاصل کی ہیں۔

شعیب ملک کا اپنی تقرری پر کہنا ہے کہ کھلاڑی اور کپتان کی حیثیت سے کھیلنے کے بعد مینٹور کے کردار میں واپسی ناقابل بیان ہے۔

مجھے یقین ہے کہ میں اب بھی کھیل کے لیے اپنے تجربے اور جنون کو شیئر کر کے اسٹالین برانڈ میں نمایاں حصہ ڈال سکتا ہوں۔

مینٹور کے طور پر میرا کردار صرف ڈگ آؤٹ سے رہنمائی فراہم کرنے سے بالاتر ہے۔ میں اپنے ذاتی علم اور تجربہ فراہم کرنے کے لیے منتخب میچوں میں بھی میدان میں اتروں گا۔ یہ ہمارے آنے والے کرکٹرز کو اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے اور اپنے کھیل کو بلند کرنے کے قابل بنائے گا اور پاکستان کرکٹ بورڈ کی ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ کے درمیان فاصلوں کو ختم کرنے کی کوششوں کو کامیاب کرے گا۔

انہوں نے کہا کہ چیمپیئنز کپ فارمیٹ کا ایک مضبوط حمایتی ہوں جو ہمارے ڈومیسٹک کرکٹ کے بہترین ٹیلنٹ کو انتہائی مسابقتی، ہائی پریشر والے ماحول میں اکٹھا کرے گا جہاں میدان میں بالادستی کے لیے سخت مقابلے ہونگے وہیں مینٹورز کے درمیان شدید مقابلے بھی ہوں گے کیونکہ ہم ہر میچ میں جوش و خروش کے اضافے کے ساتھ ایک دوسرے کو پیچھے چھوڑنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ میں پر امید ہوں کہ چیمپیئنز کپ ہمارے ڈومیسٹک کرکٹ کے ڈھانچے کو نمایاں طور پر مضبوط کرے گا۔ اس کے نتیجے میں زیادہ باصلاحیت کھلاڑی پیدا ہوں گے جو عالمی سطح پر آنے کے لیے تیار ہیں۔

اسٹالینز کے میچوں کا شیڈول (ان کے تمام میچ اقبال اسٹیڈیم، فیصل آباد میں ہیں اور شام 3 بجے شروع ہوں گے):

13 ستمبر - اسٹالینز بمقابلہ لائنز

15 ستمبر - وولوز بمقابلہ اسٹالینز

19 ستمبر - اسٹالینز بمقابلہ ڈولفنز

21 ستمبر - پینتھرز بمقابلہ اسٹالینز

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial